Question Paper Serial No. 81

# D

**CCE PR**

**Revised & Unrevised**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 59 ]
Total No. of Questions : 59 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : First Language – URDU

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 22. 09. 2020 ] [ Date : 22. 09. 2020
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 59 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کردیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

10 × 1 = 10

I. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے :

1. وہ علم جس کے ذریعہ شعر کا وزن یا ارکان کی تکرار معلوم ہو۔

A) علم طب
B) علم نجوم
C) علم عروض
D) علم غیب

2. مرکب لفظ ''دل کشا'' کے معنیٰ ہیں۔

A) دل لبھانے والا
B) دل چرانے والا
C) دل خوش کرنے والا
D) دل دکھانے والا

3. غزل کا ہر شعر معنیٰ کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

A) ادھورا
B) مکمل
C) پھیکا
D) نامناسب

4. ان میں کونسا لفظ ارکانِ تشبیہ میں سے نہیں ہے۔

A) مشبہ
B) مشبہ بہ
C) استعارہ
D) حرفِ تشبیہ

5. ایسا جملہ جس میں مسند اور مسند الیہ دونوں اسم ہوں کہلاتا ہے۔

A) جملۂ اسمیہ
B) جملۂ فعلیہ
C) جملۂ خبریہ
D) جملۂ انشائیہ

6. کلام میں متضاد الفاظ کو استعمال کرنے کی صنعت کو کہتے ہیں۔

A) صنعتِ تکرار
B) صنعتِ تضاد
C) صنعتِ تلمیح
D) صنعتِ تجنیس

7. لفظ ''اجنبی'' کا مترادف ہے۔

A) آشنا B) نا آشنا

C) تشنہ D) ہمسایہ

8. ارکان کی تکرار سے جب کوئی وزن پیدا ہوتا ہے تو اسے کہتے ہیں۔

A) بحر B) قہر

C) سحر D) شجر

9. ''سمجھ کر پڑھا کرو ورنہ فیل ہو جاؤ گے۔'' یہ جملہ ہے۔

A) سببی B) وصلی

C) تردیدی D) استدراکی

10. چال جیسے کڑی کمان کا تیر
دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی
اس شعر میں کونسی صنعت استعمال کی گئی ہے۔

A) تشبیہ B) استعارہ

C) تکرار D) تضاد

II. **پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے :** 5 × 1 = 5

11. راہ پہ لانا : سیدھا راستہ بتانا :: تاؤ آنا : ..................۔

12. رِیت : رواج :: رَیت : ..................۔

13. ماضی : حال :: دشوار : ..................۔

14. ادب : آداب :: محفل : ..................۔

15. مطلع : غزل کا پہلا شعر :: بیت الغزل : ..................۔

III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : 8 × 1 = 8

16. آدا جعفری کے آبائی وطن کا نام کیا ہے ؟

17. ''موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے'' یہ کہہ کر مولانا آزاد نے کس حکومت کی طرف اشارہ کیا ہے ؟

18. ودیا چرن جی کے آنکھ کھونے کا سبب کیا تھا ؟

19. بھرت نارائن جی کی اپنی آنکھیں دان کرنے کی وجہ کیا تھی ؟

20. ''نظم'' لفظ کے معنیٰ کیا ہیں ؟

21. مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے ؟

22. مچھر سے لڑنے کا ارادہ ترک نہ کریں تو کیا ہوگا ؟

23. شاعرِ انقلاب کسے کہتے ہیں ؟

IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 15 × 2 = 30

24. 1958ء کی ''کل ہند اردو کانفرنس'' میں خطاب کرتے ہوئے نہرو نے کیا کہا ؟

25. ملک میں اب بھی دھرم کے نام پر جھگڑا ہوتا رہا تو کیا ہوگا ؟

26. پطرس بخاری نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی؟

27. کشمیر کی معیشت کا انحصار کون کونسی پیداوار پر ہوتا ہے ؟

28. زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں ؟

29. بہار کے موسم میں اُوس اور ہوا شجر پر کیا احسان کرتی ہیں ؟

30. لوگ شاعر کو کونسی عادت چھوڑنے کے لئے کہتے ہیں ؟ اور کیوں ؟

31. حضرت امام حُسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا ؟

32. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

33. بیکل اتساہی کے مطابق غیروں پر احسان کی تمہید کرنا کیوں درست نہیں ؟

34. حجۃ الوداع کے موقع پر جو قرآنی آیت نازل ہوئی اس کا ترجمہ لکھئے۔

35. اماں کون تھیں اور کن پر ان کا حکم چلتا تھا ؟

36. حضرت امام حُسینؓ کی بیوی اور بہن کا نام کیا تھا ؟

37. ''آزاد نظم'' کی خصوصیت کیا ہے ؟

38. جملۂ انشائیہ کی تعریف کرتے ہوئے کسی دو اقسام کے نام لکھئے۔

V. **درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** 14 × 3 = 42

39. افسانہ ''درشتی'' میں موجودہ دور کی کن کن خامیوں کی جانب اشارہ کیا گیا ہے ؟

40. موسیقی کی دنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟

41. ''رباعی'' کی مکمل تعریف لکھئے۔

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :**

42. ''اگر کسی نے ہانڈی کو ہاتھ بھی لگایا تو اچھا نہیں ہوگا۔''

43. ''اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ''ہائے فراق'' رہ جاؤ گے۔''

44. ''آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے۔''

**درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :**

45. مولانا ابوالکلام آزاد

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

46. ماہر القادری

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح لکھئے :**

47. بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی

48. ذراسا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا
وہی "لن ترانی" سُنا چاہتا ہوں

49. آتی نہیں ہے راس ہمیں منزلِ وفا
اِس راہ میں فریب بہت کھا چکے ہیں ہم

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :**

50. مرکب جملہ کی تعریف مع اقسام لکھئے۔

51. مضمون کی تعریف کرتے ہوئے اس کے حصّوں کے نام لکھئے۔

52. صنعتِ تلمیح سے کیا مراد ہے۔ مثال سے واضح کیجئے۔

**یا**

صنعتِ استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی مثال دیجئے۔

VI. **درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے :** 5 × 4 = 20

53. اپنی نصابی کتاب سے "حمد" کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

**یا**

مرثیہ کے آخری دو بند میں سے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

54. کسی **ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :**

(i) جُگنو (ii) آمدِ بہار

55. مِنیٰ میں تشریف لا کر حُضورِ اکرمؐ نے مسلمانوں کے عظیم الشان مجمع سے کیا خطاب فرمایا ؟

56. امیر خسرو قومی یکجہتی کے پیامبر تھے۔ مثالوں سے ثابت کیجئے۔

**یا**

زعفران کی کاشت کیسے کی جاتی ہے ؟

57. **درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھیئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

سروا پلی رادھا کرشنن 5 ستمبر 1888ء کوتملناڈو ریاست کے ایک چھوٹے سے گاؤں ترونی میں پیدا ہوئے۔ انکا تعلق ایک غریب برہمن خاندان سے تھا۔ سروا پلی انکے آبائی وطن کا نام تھا۔ وہ بچپن سے بہت ذہین واقع ہوئے تھے۔ ان کے والد انہیں سنسکرت پڑھانا چاہتے تھے لیکن انکے عزیز وا قارب کا بے حد اصرار تھا کہ انہیں جدید تعلیم سے آراستہ کیا جائے۔ آخر کار انہیں ایک انگریزی مشنری اسکول میں داخل کیا گیا۔ جہاں پر وہ ہر امتحان میں اول درجہ سے کامیابی حاصل کرتے رہے۔ یہ سلسلہ ابتدائی تعلیم سے اعلیٰ تعلیم تک قائم رہا۔ جب تعلیم سے فراغت نصیب ہوئی تو وہ معلم کی حیثیت سے ملازمت کرنے لگے۔ اپنی محنت لگن اور جستجو کے ذریعہ کامیابی حاصل کرتے ہوئے پروفیسر، چانسلر، سفیر، نائب صدر اور صدر جمہوریہ کے جلیل القدر عہدے تک رسائی حاصل کی اور قوم وملک کی خدمات انجام دیتے ہوے اس دارِفانی سے کوچ کر گئے۔ آپکی موت کے بعد آپکو ہندوستان کا اعلیٰ ترین اعزاز بھارت رتن سے بھی سرفراز کیا گیا۔

سوالات :

(i) سروا پلی رادھا کرشنن کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) انہوں نے کن عہدوں پر فائض ہوکر قوم وملک کی خدمات انجام دیں ؟

VII. **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** 1 × 5 = 5

58. اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنے اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر کیا گیا ہو۔

**یا**

اپنے صدر مدرس کو ایک خط لکھئے جس میں اپنے تبادلے کی سند (T.C.) کا مطالبہ کیا گیا ہو۔

VIII. **کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :** 1 × 5 = 5

59. ''اخلاقی تعلیم میں مذہب کا کردار''

**یا**

''موبائل فون کے فائدے اور نقصانات''